# الیکشن کمیشن آف پاکستان
## (شعبہ تعلقات عامہ)
## پریس ریلیز

مورخہ 14 مئی 2018ء

الیکشن کمیشن آف پاکستان کل سے ملک بھر میں ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران اور ریٹرننگ افسران کی باقاعدہ تربیت کا آغاز کر رہا ہے اس بات کی وضاحت ضروری ہے کہ یہ پاکستان میں پہلی بار ہو رہا ہے کہ الیکشن کمیشن ایک باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت انٹرنیشنل سٹینڈرڈ ڈیر پر ٹرینگ کا آغاز کر رہا ہے اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران کی پہلی ٹرینگ کل سے پشاور اور کوئٹہ میں شروع ہو رہی ہے۔ جس کا افتتاح عزت مآب ممبران صاحبان بالترتیب محترمہ جسٹس مسز ارشاد قیصر اور جناب جسٹس شکیل احمد بلوچ کریں گے۔

16 مئی 2018ء کو پنجاب کے ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران کی ٹریننگ لاہور میں منعقد ہوگی جس کا افتتاح عزت مآب جناب چیف الیکشن کمشنر جسٹس سردار محمد رضا صاحب کریں گے۔

16 مئی 2018ء کو ہی سندھ کے ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران کی تربیت کراچی میں شروع کی جائے گی جس کا افتتاح ممبر الیکشن کمیشن جناب عبدالغفار سومرو کریں گے اس کے بعد 17 مئی 2018ء سے ریٹرننگ افسران کی ٹریننگ کا آغاز کیا جائے گا جو کہ مئی 2018ء کے آخر تک جاری رہے گا۔

اس سب تربیتی پروگرام میں 133 ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران اور 849 ریٹرننگ افسران کو تربیت فراہم کی جائے گی۔ ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران کی ٹریننگ ایک دن پر مشتمل ہوگی جبکہ ریٹرننگ افسران کی ٹریننگ 3 روز کی ہو گی۔ اس میں ان کو نئے انتخابی قوانین اور (RMS) رزلٹ مینجمنٹ سسٹم سے روشناس کرایا جائے گا۔ ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران کی ٹریننگ میں صوبائی الیکشن کمشنرز صاحبان ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران سے نئے قوانین کے سیکشن 56 کے تحت ان سے ان کے عہدوں کا حلف لیں گے۔ یہ بھی اپنی نوعیت کا پہلی بار پاکستان میں ہو گا کہ تمام انتخابی عملے سے قانون کے مطابق حلف لیا جائے گا۔